## ڈائریکٹرز رپورٹ برائے ممبران

محترم حصص یافتگان!

کمپنی کے ڈائریکٹران کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے برائے مختتمہ مدت 30 جون 2023 بمع آڈٹ رپورٹ پیش کرتے ہوئے اظہار مسرت کرتے ہیں۔

### جائزہ

کمپنی گزشتہ سالوں سے مسلسل خساروں کے رجحان پر قابو پانے میں کامیاب ہوگئی اور منافع وخسارہ کا کھاتہ 59.388 ملین روپے کی مثبت سطح پر آ گیا ہے۔اس سے مجموعی خسارہ بھی کم ہوکر 27.607 ملین روپے رہ گیا ہے۔

اس کی بنیادی وجہ ستمبر 2022 میں زمین، عمارت اور پلانٹ ومشینری کی فروخت کے معاہدہ کی کامیاب تکمیل ہے۔خریدار ABC میرین سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ اثاثوں کے لئے ایک حتمی قیمت 215 ملین روپے پر رضامند ہوگیا۔سال کے دوران خریدار نے 152.5 ملین روپے کی ادائیگی کی اور جامد اثاثے برائے فروخت کے 40 ملین روپے کے واجبات کی ادائیگی کردی جس کے بعد اثاثوں کی ملکیت انہیں منتقل کردی گئی۔ان اثاثوں کی فروخت گفت وشنید سے ہوئی جس کے نتیجے میں کمپنی کو 69.4 ملین روپے کا منافع ہوا۔

مالی حالت مثبت ہونے کی وجہ وسائل سے بہتر انداز میں استفادہ کے لئے کمپنی کا سرمایہ جاتی اثاثوں کی فروخت کا کلیدی فیصلہ تھا۔چیف ایگزیکٹو آفیسر کے اقدامات کے ساتھ ساتھ محتاط مالیاتی انتظام کے نتیجے میں کافی مقدار میں رواں نقدی کے ذخائر جمع ہوگئے جنہیں طویل مدتی واجبات کو کم کرنے میں استعمال کیا گیا۔مختصراً یہ کہ کمپنی کی روانیت اور مجموعی مالیاتی استحکام میں قابل ذکر بہتری آئی۔

ایک جامع کاروباری ترمیم شدہ منصوبہ کثیر مواقع اور آپشنز کے ساتھ اس وقت زیر عمل ہے اور انتظامیہ ملکی معاشی اور کاروباری ماحول کے مطابق ڈھلنے کے لئے تیار ہے۔موجودی معاشی بحران، سیاسی غیر یقینی صورتحال اور افراط زر کے دباؤ کی وجہ سے بورڈ آف ڈائریکٹرز محتاط ہے اور لہذا اس نے انتظامیہ کو تمام حصص یافتگان کے مفادات کو تحفظ فراہم کرتے ہوئے تمام دستیاب مواقع پر محتاط انداز میں غور وخوض کرنے کا مشورہ دیا ہے۔

گزشتہ سال کی بہ نسبت کمپنی کی مالیاتی جھلکیاں درج ذیل ہیں:

| تفصیل | 2023 | 2022 |
|---|---|---|
| | روپے | |
| رواں اثاثے | 93,267,707 | 8,803,014 |
| رواں واجبات | 46,663,045 | 101,909,169 |
| ایکویٹی | 47,417,768 | (11,970,293) |
| سال کا منافع/(خسارہ) بعد از ٹیکس | 59,388,061 | (9,054,473) |
| نقد اور مساوی نقد میں خالص اضافہ | 83,749,264 | 166,932 |

مندرجہ بالا ٹیبل سے ہم درج ذیل انداز میں کارکردگی کا تجزیہ کرسکتے ہیں:

☆ زمین، بلڈنگ اور پلانٹ ومشینری کی فروخت سے موصول ہونے والی رقم سے رواں اثاثوں میں اضافہ ہوا۔

☆ انتظامیہ نے فوری طور پر طویل مدتی واجبات ادا کرنے شروع کردیئے اور اس کے نتیجے میں واجبات 101 ملین روپے سے کم ہوکر 46 ملین روپے رہ گئے یعنی 54 فیصد کمی ہوئی۔پہلی سہ ماہی ستمبر 2023 کے اختتام تک ان میں مسلسل کمی ہوئی، ان واجبات میں مزید 11 ملین روپے کی کمی ہوئی، اس

طرح کل واجبات میں 76 فیصد کمی ہوئی اور ہدف یہ ہے کہ انتظامیہ اگلے سال کے اختتام تک تمام واجبات مکمل طور پر ادا کردے گی۔

☆ مجموعی خساروں میں قابل ذکر کمی ہوئی اور ایکویٹی 47 ملین روپے تک پہنچ گئی، جس سے کمپنی کا مالیاتی استحکام ظاہر ہوتا ہے۔

☆ سال کے دوران منافع کی وجہ اثاثوں کی فروخت پر حاصل ہونے والا منافع ہے اور بنیادی طور پر اصل رواں نقدی ہے جو کہ کمپنی کے اپنے بینک اکاؤنٹ میں ہے جسے سب سے پہلے بقایا واجبات کی ادائیگی میں استعمال کیا جائے گا اور باقی رقم کو نئے کاروباری مواقعوں میں استعمال کیا جائے گا۔

## اہم معلومات

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ اثاثوں کی فروخت کا معاملہ کامیابی سے مکمل ہوگیا ہے اور تمام قیمت فروخت موصول ہوگئی ہے اور اثاثوں کی ملکیت ستمبر 2022 میں منتقل کردی گئی ہے۔ دونوں فریقین کے درمیان مقدمہ بازی بھی واپس لے لی گئی ہے اور معاملہ کو باہمی طور پر حل کرلیا گیا ہے۔

انتظامیہ باقاعدگی سے پروویڈنٹ فنڈ کی ادائیگیاں کررہی ہے۔ سال کے اختتام تک اس مد میں کوئی رقم واجب الادا نہیں تھی اور انتظامیہ نے SECP کی ہدایات اور تقاضوں کے تحت ان ادائیگی کو زیادہ ترجیح دی تاکہ کسی تاخیر کے بغیر یہ عمل جاری رہے۔

سیاسی اور معاشی عدم استحکام اور تمام واجب الادا واجبات کی ادائیگی کو مدنظر رکھتے ہوئے بورڈ ایکویٹی کے لئے سرمایہ جو بھی صورتحال ہو اپنے قریبی رشتہ داروں یا بیرونی سرمایہ کاروں سے حاصل کرے گا۔

## آڈٹ رپورٹ اور اس پر انتظامیہ کی آراء

ہم مسرت کے ساتھ مطلع کرتے ہیں کہ سال 2023 میں آڈٹ رپورٹ میں کوئی ناموافق آراء یا اعتراضات نہیں ہیں۔ اس کی وجہ انتظامیہ کی کاوشیں، چیف ایگزیکٹو آفیسر کی قیادت اور معاہدۂ فروخت کی کامیاب تکمیل ہے جس کی وجہ سے آڈیٹرز صاف ستھری رپورٹ جاری کرنے پر مائل ہوگئے جس میں چلتے ہوئے ادارے کے پیراگراف پر زور دیا گیا۔

آڈیٹرز نے اپنی آڈٹ رپورٹ میں جس معاملے پر زور دیا اس میں آڈیٹرز نے مالیاتی گوشواروں کے نوٹ نمبر 2.2 اور 1.3 پر توجہ دلائی ہے جس سے عکاسی ہوتی ہے کہ کمپنی اپنے جمع شدہ خساروں کو کم کرتے ہوئے 27.607 تک لانے میں کامیاب ہوگئی جو کہ گزشتہ سال 86.995 ملین روپے تھے، جس کی وجہ جامد اثاثوں کے بڑے حصے کی فروخت تھی۔ 2019 سے کمپنی کا نام PSX کی نادہندگان فہرست میں ہے جس کی وجہ سے کمپنی کے چلتے ہوئے ادارے کی صلاحیت میں معمولی سی غیریقینی کیفیت ہے۔ ان تمام دشواریوں کے باوجود انتظامیہ نے مخصوص اثاثوں کو فروخت کرنے کا کلیدی فیصلہ کیا تاکہ مستقبل کے کاروباری منصوبے کے لئے سرمایہ حاصل ہوجائے۔ مزید برآں انتظامیہ متحرکانہ طور پر PSX کی نادہندگان کی فہرست سے کمپنی کا نام نکلوانے کے لئے متعلقہ اداروں کے تقاضوں کی تکمیل کے لئے کوشاں ہے۔ اس کے ساتھ کمپنی کے ڈائریکٹران نے بھی کمپنی کو مالی تعاون کے ساتھ ساتھ پیشہ ورانہ مہارت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے تاکہ کمپنی کے معاملات کو چلایا جاسکے۔ ان تخفیفی عوامل کی وجہ سے مالیاتی گوشواروں کو چلتے ہوئے مفروضہ کی بنیاد پر تیار کیا گیا ہے۔ مذکورہ بالا معاملات کے حوالے سے آڈیٹرز کی رائے میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز حصص یافتگان کے انتظامیہ کے ساتھ تعاون اور اعتماد پر ان کا مشکور ہے جس کے نتیجے میں معاہدہ فروخت کی کامیاب تکمیل ہوئی اور ہم امید کرتے ہیں کہ کمپنی کی روانیت کے مسائل میں بہتری آئے گی اور نئے کاروبار کو شروع کرنے کے لئے نقدی کے ذخائر حاصل ہونگے۔

ہم اللہ رب العزت کے شکر گزار ہیں کہ اثاثوں کی فروخت کی کامیاب تکمیل کی وجہ سے اکاؤنٹنگ اور مالیاتی معاملات میں قابل ذکر پیشرفت ہوئی ہے اور اپنے واجبات سے عہدہ برآں ہوئے۔ انضباطی اداروں، آڈیٹرز اور حصص یافتگان کے اعتماد میں اضافہ ہوگا اور انتظامیہ کو قوی امید ہے کمپنی کی کارکردگی بحال ہوجائے گی۔

### گزشتہ 10 سالوں کے کاروباری اور مالیاتی اعداد وشمار

| سال | فروخت- خالص | خام منافع/ (خسارہ) | منافع/(خسارہ) قبل از ٹیکس | حصص یافتگان کی ایکویٹی | کل رواں اثاثے | کل رواں واجبات | فی حصص آمدن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | روپے ملین میں | | | | | | روپے |
| 2013 | 238.60 | 57.68 | 21.95 | 111.06 | 25.24 | 38.06 | 1.73 |
| 2014 | 123.79 | (1.90) | (28.63) | 90.16 | 20.99 | 62.49 | (2.83) |
| 2015 | 99.63 | 4.72 | (18.30) | 71.15 | 17.35 | 59.78 | (2.57) |
| 2016 | 94.43 | 5.12 | (17.66) | 58.00 | 17.82 | 63.43 | (2.35) |
| 2017 | 82.70 | 2.24 | (19.14) | 42.35 | 15.43 | 71.26 | (2.14) |
| 2018 | 89.08 | 4.39 | 15.35 | 62.58 | 16.22 | 79.66 | (2.19) |
| 2019 | 51.91 | 0.38 | (19.82) | 37.90 | 10.53 | 85.14 | (1.93) |
| 2020 | 12.80 | (3.35) | (85.23) | 15.22 | 8.93 | 94.14 | (11.62) |
| 2021 | - | - | (18.14) | (2.92) | 9.02 | 93.25 | (2.42) |
| 2022 | - | - | (9.05) | (11.97) | 8.80 | 101.90 | (1.21) |
| 2023 | - | - | 59.39 | 47.41 | 93.26 | 46.66 | 7.92 |

### آگے کی جانب

انتظامیہ کے لئے فوری ہدف یہ ہے کہ سب سے پہلے جلد از جلد بقایا واجبات کی ادائیگی کرے اور پھر کمپنی کا نام PSX کی نادہندگان کی فہرست سے نکلوائے۔ کمپنی کی انتظامیہ نے PSX ریگولیشنز کے تحت کمپنی کا نام PSX کی نادہندہ فہرست سے نکلوانے کے لئے تحریری خط وکتابت جاری رکھی ہوئی ہے۔

ان مشکل اوقات میں کوئی قدم اٹھانے سے پہلے ڈائریکٹران اور انتظامیہ بہت زیادہ محتاط ہیں کیونکہ ملک اس وقت انتہائی بلند افراط زر، معاشی بحران اور بیرونی سرمایہ کاری اور ذخائر کی قلت سے گزر رہا ہے۔ جیسے ہی صورتحال بہتر ہوگی، انتظامیہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے جائزے کے بعد کاروباری منصوبے کو حتمی شکل دے گی اور اسی کے مطابق نافذ کرے گی۔

### بورڈ آف ڈائریکٹرز

مختتمہ سال 30 جون 2023 کے دوران بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تشکیل میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔

### آڈیٹرز

موجودہ آڈیٹرز میسرز ایس ایم سہیل اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس سبکدوش ہو چکے ہیں اور اہلیت کے باعث انہوں نے آنے والے سال کے لئے اپنی دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے۔

### ادارتی اور مالیاتی رپورٹنگ فریم ورک پر بیان

a کمپنی کی انتظامیہ کے تحت تیار کردہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کے معاملات، اس کے کاروباری نتائج، نقدی کے بہاؤ اور ایکویٹی میں تبدیلیوں کو شفافیت کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔

b کمپنی میں حسابات کی کتابیں مناسب انداز میں تیار کی گئی ہیں۔

c درست حساباتی پالیسیوں کو تسلسل کے ساتھ مالیاتی گوشواروں کی تیاری کے دوران ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے اور حساباتی تخمینوں کی بنیاد معقول اور مضبوط فیصلوں پر ہے۔

d مالیاتی گوشواروں کی تیاری کے دوران عالمی مالیاتی رپورٹنگ معیارات، جو پاکستان میں لاگو ہیں کو ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے۔

e اندرونی گرفت کے نظام کی شکل مضبوط ہے اور موثر انداز میں نافذ العمل ہے اور اس کی نگرانی کی جاتی ہے۔

f آڈیٹرز نے چلتے ہوئے ادارے کے تسلسل پر کمپنی کی صلاحیت پر شبہات کا اظہار کیا ہے جبکہ انتظامیہ محسوس کرتی ہے کہ کمپنی کے پاس کافی صلاحیت ہے جس سے مستقبل میں کاروبار جاری رکھا جا سکتا ہے۔

g لسٹنگ ریگولیشنز میں دیئے گئے ادارتی نظم وضبط کے بہترین طور طریقوں سے کوئی قابل ذکر انحراف نہیں کیا گیا، سوائے جنہیں ادارتی نظم وضبط کی پاسداری کے بیان میں مطلع کیا گیا ہے۔

h گزشتہ دس سالوں کے اہم کاروباری اور مالیاتی اعداد وشمار آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں میں مختصراً شامل کیئے گئے ہیں۔

سال کے دوران کمپنی نے بلاواسطہ ٹیکسوں کی مدت میں قومی خزانے میں 18,131 روپے کی معاونت کی۔

سال کے دوران بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چار اجلاس ہوئے۔ ہر ڈائریکٹر کی حاضری درج ذیل رہی:

| ڈائریکٹر کا نام | حاضر اجلاسوں کی تعداد |
|---|---|
| جناب ایم حنیف وائی باوانی | 4 |
| مسز مومیزا حنیف باوانی | 4 |
| جناب ولی محمد ایم یحیی | 4 |
| جناب میخائل باوانی | 4 |
| جناب وزیر احمد جوگیزئی | 1 |
| جناب زکریا اے غفار | 4 |
| جناب محمد دانش | 2 |

جو ڈائریکٹران حاضر نہ ہوسکے ان کی رخصت منظور کرلی گئی۔

i- حصص داری کی ساخت منسلک ہے، اور

j- نہ تو چیف ایگزیکٹو آفیسر نہ ہی کسی ڈائریکٹر نے کمپنی کے حصص میں کوئی خرید وفروخت کی ہے۔

**اعتراف**

بورڈ ریاستی اداروں، مختلف سرکاری اداروں/شعبوں، مالیاتی اداروں، بینکوں، گاہکوں، سپلائرز اور کمپنی کے سرمایہ کاروں کے تعاون اور اس پر اعتماد کے لئے اپنی ستائش ریکارڈ پر لانا چاہتے ہیں۔ آپ کے ڈائریکٹران کمپنی کے ملازمین کی مخلصانہ اور سرگرم خدمات پر ان کے معترف ہیں۔

ہم اپنے قابل قدر حصص یافتگان کے انتظامیہ کے ساتھ تعاون پر ان کے مشکور ہیں۔

منجانب بورڈ

ایم حنیف وائی باوانی
چیف ایگزیکٹو آفیسر
کراچی
تاریخ: ستمبر 28، 2023

مومیزا حنیف باوانی
ڈائریکٹر